موضوع - 9

# قدیم زمانے میں آب رسانی اور ناکارہ پانی کو ٹھکانا لگانے کا نظام

## Water supply and waste - water disposal systems in the past

### مقاصد Objectives

قدیم زمانے میں آب رسانی نظام اور ناکارہ پانی کو ٹھکانا لگانے کے لیے استعمال کیے جانے والے طریقوں کو معلوم کرنا

### پس منظر Background

تاریخی اہمیت رکھنے والے کئی قلعے، محلات، اور یادگار مقامات ہیں ان تاریخی مشہور یادگار و آثار کے تفصیلی معلومات دستیاب ہیں کہ وہ کب تعمیر کیے گئے۔ کس نے انہیں تعمیر کیا۔ اس زمانے کے آرکیٹیکچر کے بارے میں معلومات حاصل ہوتے ہیں۔ البتہ اس زمانے کی طرز زندگی اور شہری سہولتوں کے بارے میں کچھ زیادہ معلومات حاصل نہیں ہوتیں۔ البتہ یہ بات دلچسپ ہے کہ اس زمانے میں آب رسانی اور ڈرینج نظام کیسا تھا۔

### طریقہ کار Methodology

1۔ آپ کے رہنے کے مقام کے قریب واقع کسی تاریخی مقام کا انتخاب کیجیے۔

2۔ یادگار سے متعلقہ درج ذیل معلومات کو جمع کیجیے مثلاً

a) اس کی تعمیر کب ہوئی؟

b) تعمیر کے لیے کون سی چیزیں استعمال کی گئیں۔

c) کس نے تعمیر کروایا؟

d) اس کی تعمیر کا کیا مقصد تھا؟

e) اس مقام کی تعمیر کے وقت وہاں رہنے/ کام کرنے/ نگرانی کرنے والوں کی پانی کی ضروریات کی تکمیل کیسے کی جاتی تھیں؟

f) ناکارہ پانی اور بارش کے پانی کو ٹھکانے لگانے کے لیے ڈرینج کا انتظام کیسا تھا؟







یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

مطلوبہ معلومات کو محکمہ آثار قدیمہ (اگر ہے) آرکیالوجیکل کتابوں یا مقامی کتابوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## استدالی خلاصہ Conclusion

قدیم تعمیرات میں آبرسانی نظام اور ناکارہ پانی کے نکاسی کا زبردست نظام تھا۔ اس لیے اس زمانے میں سیلابات نہیں آتے تھے۔ ناکارہ پانی کے بہاؤ کی سہولت اس مخصوص علاقے کے لوگوں کی صحت کو ظاہر کرتی ہے اگر مناسب سہولتیں ہوں تو مچھر اور بیکٹریا کی افزائش نہیں ہوتی۔ پس لوگ صحت مند زندگی گزار سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ آلودگی کے وجوہات کے بارے میں غور کریں۔

آپ کے مطالعے کی بنیاد پر ایک رپورٹ تیار کیجیے

رپورٹ میں ان نظاموں کی خوبیوں اور خامیوں کو اجاگر کرنا چاہیے۔

## مزید کاروائی Follow-up

اپنے دوستوں سے معلومات میں شرکت کیجیے۔

